اسکولوں میں داخلِ نصاب کرنا چاہیے۔ امید ہے اس کتاب کو قبولِ عام حاصل ہوگا۔ اس کی اشاعت پر مصنف اور ناشر دونوں مبارک باد کے مستحق ہیں۔ (محمد رضی الاسلام ندوی)

مطالعۂ تصنیفات مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ

مرتب: پروفیسر محسن عثمانی ندوی

ناشر: عرشی پبلیکیشنز، ۱۱۶۸، چوڑی والان، دہلی ۶، سنہ اشاعت ۲۰۰۲ء صفحات ۹۳ ۴، قیمت = /۲۰۰

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کی وفات کے بعد ملک و بیرونِ ملک میں بہت سے علمی مجلات نے خصوصی شمارے نکالے اور بہت سے علمی و تعلیمی اداروں نے سمینار منعقد کیے اور ان میں پیش کیے گئے مقالات کے مجموعے شائع کیے۔ ایسا ہی ایک سمینار مارچ ۲۰۰۱ء میں شعبۂ عربی دہلی یونیورسٹی کی جانب سے ہوا تھا۔ اس میں مولانا کی تصنیفات کو خصوصی مطالعہ کا موضوع بنایا گیا تھا۔ اس میں پیش کیے گئے مقالات معیاری کتابت و طباعت کے ساتھ زیرِ نظر مجموعے کی صورت میں شائع کیے گئے ہیں۔

یہ مجموعہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصۂ اول میں پروفیسر وصی احمد صدیقی معتمد مالیات دارالعلوم ندوۃ العلماء کے مقالات شامل کیے گئے ہیں، جو انھوں نے مولانا کی مشہور کتاب 'تاریخ دعوت و عزیمت' کے پانچوں حصوں اور 'المرتضیٰ' اور 'شرقِ اوسط کی ڈائری' پر لکھے تھے۔ انہی مقالات پر موصوف کو مولانا کی تصنیفات کے خصوصی مطالعہ کے اعتراف کے طور سے اس سمینار میں توصیفی سند عطا کی گئی تھی۔ دوسرے حصے میں سمینار کے مقالات (چند دیگر مقالات کے اضافے کے ساتھ) درج کیے گئے ہیں۔ ان میں مولانا کی دو درجن سے زائد کتابوں کا مطالعہ پیش کیا گیا ہے۔

مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کی تصنیفات فکر و تحقیق، علم و ادب اور سوز و تاثیر کا مجموعہ ہیں۔ یہ تاریخ، سیرت، سوانح، تذکرہ، سیاحت، تصوف و سلوک اور دینیات کے موضوعات کا احاطہ کرتی ہیں۔ مولانا کی اہم اور مشہور تصانیف میں انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج و زوال کا اثر، تاریخ دعوت و عزیمت، سیرت سید احمد شہید، نبیِ رحمت، ارکانِ اربعہ اور نقوشِ اقبال قابلِ ذکر ہیں۔ اس مجموعہ میں شامل مقالات میں اگرچہ مذکورہ کتابوں اور ان کے علاوہ دیگر کتابوں کا سرسری مطالعہ کیا گیا ہے اور وہ بھی نہیں